23-11-2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ رحمان

پہلے اِس وقت کی اہم خبریں

---

1 مہاراشٹر اور جھارکھنڈ اسمبلی انتخابات کے ساتھ ساتھ 46 اسمبلی سیٹوں اور دو پالیمانی حلقوں کے ضمنی انتخابات کے ووٹوں کی گنتی شروع ہوگئی ہے۔

2 وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ اصلاحات، کارکردگی اور یکسر تبدیلی کے منتر کی وجہ سے بھارت عالمی سطح پر پہنچ گیا ہے۔

3 امریکہ میں ڈونلڈ ٹرمپ کے فوجداری ہش منی معاملے میں ایک جج نے سزا کو غیرمعینہ مدت کیلئے ملتوی کردیا ہے۔

4 اور، چراغ شیٹی اور ستوک سائی راج رنکی ریڈی کی بھارتی بیڈمنٹن جوڑی آج Shenzhen چائنا ماسٹرس بیڈمنٹن ٹورنامنٹ 2024 کے مردوں کے ڈبلز کے سیمی فائنل میں جنوبی کوریا کی جوڑی کا سامنا کرے گی۔

اب خبریں تفصیل سے۔

## COUNTING

مہاراشٹر اورجھارکھنڈ اسمبلی کے لیے ڈالے گئے ووٹوں کی گنتی شروع ہوگئی ہے۔ گنتی کا یہ عمل دونوں ریاستوں میں صبح آٹھ بجے، ڈاک سے بھیجے گئے ووٹوں کی گنتی کے ساتھ شروع ہوا، جس کے بعد EVMs پر ڈالے گئے ووٹوں کی گنتی شروع کی گئی۔

مہاراشٹر میں سبھی 288 اسمبلی سیٹوں کے ووٹوں کی گنتی کی جا رہی ہے۔ اِن سیٹوں پر پولنگ اِس مہینے کی 20 تاریخ کو واحد مرحلے میں کی گئی تھی۔

ریاست میں ناندیڑ لوک سبھا سیٹ کے، ضمنی چناؤ کے ووٹوں کی گنتی بھی جاری ہے۔ پوری ریاست میں 288 گنتی مرکز قائم کیے گئے ہیں اور ناندیڑ لوک سبھا حلقے کے ووٹوں کی گنتی کے لیے ایک الگ مرکز قائم کیا گیا ہے۔

اِس کے علاوہ اسمبلی ووٹوں کی گنتی کی نگرانی کے لیے 288 مشاہدین مقرر کیے گئے ہیں جبکہ دومشاہدین، ناندیڑ لوک سبھا سیٹ کے ووٹوں کی گنتی کی نگرانی کے لیے تعینات کیے گئے ہیں۔

خوش اسلوبی اور نظم و نسق کے ساتھ گنتی کا عمل جاری رہے، اِس بات کو یقینی بنانے کے لیے سیکیورٹی کے وسیع انتظامات کیے گئے ہیں۔مرکزی، ریاستی اور مقامی حفاظتی دستے گنتی مرکزوں پر تعینات کیے گئے ہیں۔

اُدھر جھارکھنڈ میں بھی، سبھی 81 اسمبلی سیٹوں کے ووٹوں کی گنتی کا عمل پُرامن طور پر جاری رکھنے کے لیے وسیع انتظامات کیے گئے ہیں۔ ہر ایک گنتی مرکز پر، تین زمروں پر مشتمل حفاظتی انتظامات کیے گئے۔ اعلیٰ انتخابی افسر کےروی کمار نے کہا کہ ریاست کے ضلع دفتروں میں 24 گنتی مرکز قائم کیے گئے ہیں۔

## BYBOLL COUNTING

آج دو لوک سبھا سیٹوں اور 13 ریاستوں کے 46 اسمبلی حلقوں کے ضمنی انتخابات کے ووٹوں کی گنتی بھی کی جارہی ہے۔ یہ لوک سبھا سیٹیں ہیں: کیرالہ میں ویناڑ اور مہاراشٹر میں ناندیڑ۔

اترپردیش کی 9 اسمبلی سیٹوں کے لیے ووٹوں کی گنتی کی جارہی ہے۔ راجستھان کی 7، مغربی بنگال کی 6، آسام کی 5، بہار اور پنجاب میں چار۔چار، کرناٹک میں 3، مدھیہ پردیش اور کیرالہ میں دو۔دو، اور گجرات، چھتیس گڑھ،میگھالیہ اور اتراکھنڈ میں ایک۔ایک سیٹ پر ڈالے گئے ووٹوں کی گنتی کی جار ہی ہے۔

سکم میں برسرِ اقتدار سکم کرانتی کاری مورچے نے دو اسمبلی سیٹیں: سورینگ- چاکُھنگ اور نامچی- سِنگھی تَھنگ سیٹ پر بلا مقابلہ حاصل کی ہیں۔

ELECTION ROUNDUP TRENDS

مہاراشٹر اور جھارکھنڈ اسمبلی سیٹوں کیلئے ڈالے گئے ووٹوں کی گنتی کے رجحانات کچھ اس طرح ہیں:

مہاراشٹر میں 288 سیٹوں میں سے 35سیٹوں کے رجحانات دستیاب ہیں۔

مہایوتی اتحاد میں بی جے پی 21 سیٹوں پر آگے چل رہی ہے، جبکہ ایکناتھ شندے کی قیادت والی شو سینا 4 سیٹوں پر آگے چل رہی ہے۔ اجیت پوار کی قیادت والی این سی پی  3 سیٹوں پر سبقت لئے ہوئے ہے۔

مہاوکاس اگھاڑی میں کانگریس 4سیٹوں پر، NCP شردپوار گروپ 1 سیٹ پر اور شو سینا یو بی ٹی ایک سیٹ پر آگے چل رہی ہے۔

آزاد امیدواروں میں ایک امیدوار سبقت لئے ہوئے ہے اور دیگر امیدواروں میں بھی ایک امیدوار آگے ہے۔

جھارکھنڈ میں 81 سیٹوں میں سے12 پر رجحانات دستیاب ہیں۔

بی جے پی 8 سیٹوں پر جبکہ NDA اتحاد اے جے ایس یو ایک سیٹ پر آگے ہے۔

برسراقتدار جے ایم ایم 3 سیٹوں پر آگے ہے۔

PM MEDIA SUMMIT

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ اب دنیا پچھلے دس سال میں اُن کی حکومت کی طرف سے، اصلاح، کارکردگی اور یکسر تبدیلی کے منتر پر عمل درآمد کے سبب، بھارت کی دفاعی اہمیت کا اعتراف کر رہی ہے۔

وزیراعظم نے یہ بات ویڈیو کانفرسنگ کے وسیلے سے ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی جس کا اہتمام جرمنی کے  Stuttgart شہر میں ایک میڈیا ہاؤس نے کیا تھا۔ اس تقریب کا موضوع تھا: بھارت - جرمنی: پائیدار ترقی کے لیے ایک نقشِ راہ۔

جناب مودی نے کہا کہ بھارت، دنیا میں سب سے تیزی سے ابھرتی ہوئی معیشت ہے اور ہر ملک، ترقی کے لیے بھارت کے ساتھ اشتراک کرنا چاہتا ہے۔

FIN PM MODI ON REFORM

جناب مودی نے کہا کہ اُن کی حکومت نے، کاروبار میں آسانی کو فروغ دینے کے لیے لال فیتا شاہی کا خاتمہ کیا ہے۔

انھوں نے کہا کہ بھارت نے ملک میں بینکنگ نظام کو مستحکم بنایا ہے تاکہ ترقی کے لیے کم شرح سود پر اثاثہ دستیاب ہو۔

وزیراعظم نے خاص طور پر کہا کہ ایک مضبوط بنیاد ڈالی گئی ہے جس پر وکست بھارت کی عظیم الشان عمارت تعمیر کی جائے گی۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ جرمنی، بھارت کی ترقی کے سفر میں ایک قابل انحصار شراکت دار ہوگا۔

PM MODI ON VIKSIT BHARAT

جناب مودی نے کہا کہ پچھلے کچھ برسوں میں بھارت اور جرمنی کے درمیان باہمی شراکت داری کو لگاتار استحکام حاصل ہوا ہے۔

انھوں نے خاص طور پر کہا کہ اٹھارہ سو سے زیادہ جرمن کمپنیاں، بھارت میں کام کر رہی ہیں اور اِن کمپنیوں نے پچھلے تین سے چار سال کے دوران 15 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کی ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ دونوں ملکوں

کے درمیان دو طرفہ تجارت، تقریباً 34 ارب ڈالر تک پہنچ گئی ہے اور آئندہ برسوں میں اس تجارت میں مزید اضافہ ہوگا۔

PM MODI ON INVESTMENT

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

Prez Odisha Parba

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ اڈیشہ کی تاریخ کا "کلنگ جنگ باب" دنیا کو امن کی راہ دکھا سکتا ہے۔ گل نئی دلی کے جواہر لال نہرو اسٹیڈیم میں تین روزہ اوڈیشہ Parba پروگرام کا افتتاح کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے کہا کہ کلنگ جنگ Chandashoka سے Dharmashoka میں بدل گئی تھی۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ یہ جنگ لوگوں کو درس دیتی ہے کہ ترقی کیلئے امن نہایت اہم ہے۔

صدر جمہوریہ نے اِس بات کو بھی اُجاگر کیا کہ آج دنیا کے کچھ حصے تنازعات کا شکار ہیں۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ اڈیشہ کی ثقافت کا سب سے اہم پہلو تحمل ہے۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے لوگوں پر اس بات کیلئے زور دیا کہ محبت اور رواداری کے ساتھ وہ ملک اور اڈیشہ کیلئے اپنی بہترین صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں۔

صدر جمہوریہ نے کہا کہ اڈیشہ Parba نے اڈیشہ کے فنون، ادب، رقص، موسیقی اور کھانوں کی مالا مال ثقافت سے روشناس کرانے میں اہم رول ادا کیا ہے۔

Manipur Review Meeting

منی پور حکومت کیلئے سکیورٹی مشیر کلدیپ سنگھ نے گل امپھال میں ریاست کی موجودہ صورتحال پر ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کی۔ اِس میٹنگ میں فوج، BSF، CRPF، آسام رائفلس اور قانون نافذ کرنی والی دیگر ایجنسیوں کے سینئر حکام نے شرکت کی۔ جائزہ میٹنگ کے بعد سکیورٹی مشیر نے مطلع کیا کہ ریاست میں CAPF کی 90 اضافی کمپنیاں پہنچ چکی ہیں اور CAPF کی 70 اور کمپنیاں جلد پہنچنے کا امکان ہے۔ انہوں نے بتایا کہ CAPF کی نئی کمپنیوں کی مدد کے ساتھ ریاست میں CAPF کی 198 کمپنیاں پہلے ہی تعینات کی جاچکی ہیں اور امن و قانون کی صورتحال پر قابو پانے کیلئے سختی کے ساتھ معیاری طریقہ کار SOP پر عمل کیا جارہا ہے۔

CBSE

ثانوی تعلیم کے مرکزی بورڈ CBSE نے میرٹ اسکالر شپ اسکیم فار سنگل گرل چائلڈ کیلئے اہل طلبا سے آن لائن درخواستیں طلب کی ہیں۔ اُس نے سنگل گرل چائلڈ کیلئے میرٹ اسکالر شپ اسکیم کیلئے ایسی بچیوں سے درخواستیں طلب کی ہیں جنھوں نے 2024 میں دسویں کا امتحان پاس کیا اور جو اَب CBSE سے تسلیم شدہ اسکولوں میں گیارھویں جماعت میں تعلیم حاصل کر رہی ہیں۔ اِس کے علاوہ، اُن طلبا سے بھی آن لائن درخواستیں طلب کی گئی ہیں جن کی دسویں جماعت کیلئے اُس سنگل گرل چائلڈ اسکالر شپ کو Renew کیا جانا ہے جو 2023 میں دی گئی تھی۔

آن لائن درخواستیں داخل کرنے کی آخری تاریخ 23 دسمبر ہے۔ تفصیلات، اہلیت کی شرائط اور آن لائن درخواست فارم CBSE کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔

IFFI

بھارت کے 55ویں بین الاقوامی فلم فیسٹول IFFI میں آج کئی دلچسپ پروگرام ہوں گے۔

گل 70 سے زیادہ فلموں کی کامیاب نمائش کو ملی عوام کی زبردست پذیرائی کے بعد آج بھی مزید 70 فلموں کی اسکریننگ ہوگی۔ اس کے علاوہ تین فلمیں اوپن ایئراسکریننگ کے تحت دکھائی جائیں گی۔

سبھی کی توجہ Creative Minds of Tomorrow (CMOT) تقریب پرہوں گی، جہاں 48 گھنٹے میں شروع سے آخر تک فلم تیار کرنے کے چیلنج کا اختتام ہوگا۔ اِس سال ایک سو ہونہار نوجوان کو، CMOT چیلنج کے 13 فلم ساز زمروں کیلئے منتخب کیا گیا ہے۔ مقابلے کے شرکا اب سے کچھ گھنٹے بعد اپنی فلمیں جمع کروائیں گے۔

آکاشوانی سے بات کرتے ہوئے مقابلے میں شامل Madhan Kamaraj نے کہا کہ 48 گھنٹے میں فلم مکمل کرنا ایک چیلنج ہے، لیکن وہ یہ موقع فراہم کئے جانے پر مشکور ہیں۔

S/B- Madhan

PM Mann Ki Baat

وزیراعظم نریندر مودی کل آکاشوانی پر من کی بات پروگرام میں ملک اور بیرون ملک کے لوگوں کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ یہ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا 116واں نشریہ ہوگا۔

یہ پروگرام آکاشوانی اور دوردرشن، AIR News کی ویب سائٹ اور Newsonair موبائل ایپ کے تمام تر نیٹ ورک پر نشر کیا جائے گا۔ یہ پروگرام AIR News، DD News، PMO اور اطلاعات و نشریات کی وزارت کے Youtube چینلوں پر بھی براہ راست نشر کیا جائے گا۔ ہندی نشریے کے فوراً بعد آکاشوانی اِس پروگرام کو علاقائی زبانوں میں نشر کرے گا۔

Trump Sentencing Postponed

امریکہ میں ایک جج نے صدر منتخب ڈونلڈ ٹرمپ کی ہَش منی کیس میں سزا کے اعلان کو اُن کی دوسری صدارتی مدت کے سال 2029 کے ممکنہ اختتام تک ملتوی کردیا ہے۔ جج Juan Mechan نے کہا کہ وہ سزا کو مسترد کرسکتے ہیں تاکہ ٹرمپ جنوری میں قانونی پیچیدگیوں کے بغیر اپنا عہدہ سنبھال سکیں۔

ٹرمپ کو مئی کے مہینے میں Stormy Daniels کو غلط طریقے سے کی گئی ادائیگی کے اندراج کو قانونی اخراجات کے طور پر دکھانے کے 34 الزامات عائد کئے گئے تھے۔ اِس کیس کی سربراہی Manhattan کے وکیل Alvin Bragg نے کی، جنہوں نے اِسے Jury of ordinary Citizens کے روبرو پیش کیا۔

قصوروار قرار دیئے جانے کے باوجود ٹرمپ نے صدارتی انتخاب واضح اکثریت سے جیتا ہے۔ جج Juan Mechan نے برسراقتدار صدر کیلئے سزا کے اعلان کو صدر سے مداخلت قرار دیتے ہوئے تحفظات کا ظہار کیا۔

وہیں ٹرمپ کے وکیلوں کا ارادہ ہے کہ وہ یہ دلیل پیش کریں گے کہ سپریم کورٹ کے فیصلے سے ٹرمپ کو استغاثہ سے استثنا حاصل ہے۔

Badminton China Masters

بیڈمنٹن میں، چین کے Shenzhen میں جاری چائنا ماسٹرس 2024 ٹورنامنٹ کے مردوں کے ڈبلز کے سیمی فائنل میں چراغ شیٹی اور ستوک سائی راج رنکی ریڈی کی بھارتی جوڑی کا مقابلہ آج Jin Yong اور Seo Seung Jae کی جنوبی کوریائی جوڑی سے ہوگا۔

اِس سے پہلے کل Shenzhen میں بھارتی جوڑی نے ڈنمارک کے Kim Astrup اور Anders Skaarup Rasmussen کی جوڑی کو کوارٹر فائنل میچ میں اکیس۔سولہ اور اکیس۔اُنیس سے شکست دی۔

یہ تھی خبریں

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ضمیر رضوی

شکریہ -شبانہ

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارت نے الگ الگ خبروں کو شہ سرخی بنایا ہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا نے گیانا کی پارلیمنٹ کے خصوصی اجلاس سے وزیراعظم مودی کے خطاب کو پہلی بڑی خبر بنایا ہے اور ان کے اس بیان کو نمایاں کیا ہے کہ بھارت ہر ملک کی اہمیت کو تسلیم کرتا ہے اور سبھی کی شمولیت کے بغیر عالمی اہداف کا حصول ممکن نہیں۔ وزیراعظم مودی نے پانچ دنوں میں 31 عالمی رہنماؤں سے ملاقات کی۔

روزنامہ ملاپ نے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے ذریعہ حیدرآباد میں ثقافتی میلے 'لوک منتھن' کا افتتاح کئے جانے کی خبر کو سرخی بناتے ہوئے اُن کے اس بیان کو اہمیت دی ہے کہ بھارت کو ترقی یافتہ ملک بنانے کیلئے شہریوں میں ملک مقدم کا احساس پیدا کرنا ضروری ہے۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس سمیت آج کے کئی اخباروں کی سرخی ہے کہ وزیر داخلہ امت شاہ نے دلی میں امن و قانون کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ روزنامہ ملاپ نے چھتیس گڑھ کے سکما ضلعے میں سکیورٹی فورسز اور نکسلیوں کے درمیان مڈبھیڑ میں دس نکسلیوں کے ہلاک ہونے کی خبر کو پیش کیا ہے۔

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کی جاپان اور فلپنس کے وزائے دفاع کے ساتھ میٹنگ کی خبر کو بھی روزنامہ انقلاب، پرتاپ اور ملاپ سمیت کئی اخباروں نے اہمیت دی ہے۔ اخبار نے وزیردفاع کے اس بیان کو بھی اجاگر کیاہے کہ بھارت -بحرالکاہل خطے میں ہماری شرکت داری اہم کردار ادا کرے گی۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 مہاراشٹر اور جھارکھنڈ اسمبلی انتخابات کے ساتھ ساتھ 46 اسمبلی سیٹوں اور دو پالیمانی حلقوں کے ضمنی انتخابات کے ووٹوں کی گنتی شروع ہوگئی ہے۔

2 وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ اصلاحات، کارکردگی اور یکسر تبدیلی کے منتر کی وجہ سے بھارت عالمی سطح پر پہنچ گیا ہے۔

3 امریکہ میں ڈونلڈ ٹرمپ کے فوجداری ہش منی معاملے میں ایک جج نے سزا کو غیرمعینہ مدت کیلئے ملتوی کردیا ہے۔

4 اور، چراغ شیٹی اور ستوک سائی راج رنکی ریڈی کی بھارتی بیڈمنٹن جوڑی آج Shenzhen چائنا ماسٹرس بیڈمنٹن ٹورنامنٹ 2024 کے مردوں کے ڈبلز کے سیمی فائنل میں جنوبی کوریا کی جوڑی کا سامنا کرے گی۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-----------------------------------